# Teachers Training - Session 1

ٹیچرز ٹریننگ میلہائم جرمنی
پہلی نشست ۱۵ ستمبر ۲۰۱۵ء

۱- مورخہ ۱۵ ستمبر ۲۰۱۵ء بروز منگل شہر میلہائم جرمنی کے نور اسکول کی پہلی تربیتی ٹریننگ برائے ٹیچرز/اساتذہ منعقد ہوئی۔

کورس کنڈکٹر:- مزین سلیم

شرکاء:
وجیہہ سہیل
سحر فیصل
صائقہ نعیم
نبیہہ شہزاد (فون)

اغراض و مقاصد:

۱- جرمنی کے شہر میلہائم میں پہلی دفعہ نور اسکول کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس مقصد کیلئے، اس اسکول میں آغاز کرنے والی خواتین اساتذہ کیلئے اس میٹنگ کا اہتمام ہوا۔

۲- پچھلے تمام تجربوں کی روشنی میں اس امر کی ضرورت محسوس ہوتی تھی کہ جہاں بچوں کی تربیت و تعلیم کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں وہاں اساتذہ کی تربیت اور تعلیم کا سلسلہ بھی پھلے پھولے۔ تاکہ ان ننھے ذہنوں پر اثر انداز ہونے والے اہم ترین افراد ایک مثبت اور تعمیری کردار کو نشوونما دے سکیں۔

3- کوئی بھی تربیتی قدم ایک تسلسل اور استقامت مانگتا ہے۔ یہ امکان ہمیشہ موجود رہتا ہے کہ انسانی نفسیات اور استقامت و صبر کی کمی کسی سنگ میل پر پہنچنے سے پہلے ہی قافلے کو تتر بتر کر دے۔ لہذا یہ ٹیچرز ٹریننگ وہ پلیٹ فارم ہے جہاں اساتذہ رہنمائی کیلئے اپنے مسائل اور آپس کے تعلقات کی بہتری کیلئے ایک پرسکون اور سنجیدہ و مثبت ماحول میں ایک دوسرے سے سیکھ سکیں۔

کاروائی۔

آغاز: تلاوت قرآن پاک۔

آغاز کتاب: رسول اللہ ﷺ کا طریقِ تربیت

بابِ اول: دانائی و حکمت

اس نشست میں حضور ﷺ کی تربیت کے طریقے میں دانائی اور حکمت کے واقعات کو باریک بینی سے سمجھا گیا۔ مندرجہ ذیل اصول لئے گئے۔

۱۔ مقصود بچوں کی تربیت اور ان کا دینی تعلیم میں رحجان اور لگاؤ کو پروان دینا ہے۔ جس کیلئے نمونہ حضور ﷺ کی ذاتِ مبارکہ ہے۔

۲۔ حکمت ہمارے سیکھنے کی چیز ہے۔ ہمیں ہر بچے کی کمزوری اور مضبوط پہلو کو مدنظر رکھنا ہے۔

۳۔ کسی بھی بچے کی کمزوری یا تعلیم کی خلاف ورزی کو بچے کا نام لیکر اور سب بچوں کے سامنے نمایاں نہیں کیا جائے گا بلکہ اس امر کو محبت و شفقت سے Handle کیا جائے گا۔ طریقہ سمجھ میں نہ آنے پر مشورہ کیا جائے گا جس میں والدہ یا سکول کا نگران موضوع ترین ہیں۔ مگر اسکا مقصد بچے کی بہتری اور اسکی مدد ہے نا کہ ٹھپہ لگا کر کسی کی تضحیک و تحقیر کرنا۔

۴۔ اس باب میں درج ذیل طریقوں کو بار بار ذہن سے گزار کر ان پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور عملی طور پر Implement کرنے کا خیال رکھا جائے گا۔

MOTO

ہر تین مہینے کیلئے ایک MOTO بنایا جائے گا۔

MOTO اکتوبر — دسمبر۔

مار نہیں پیار

نصاب۔ نصاب ایک موضوع کے طور پر بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

نصاب کا موضوع ہے WER IST ALLAH.

مَنْ هُوَ اللّٰه

نصاب کی تفصیل جلد بھیجی جائے گی (ان شاء اللہ)

اہتمام۔ سکول کے کاموں کی تقرری، معاون، بیت المال اور نظم کی تقسیم کے احباب پر ہوا۔

تقرری۔ نبیلہ شہزاد

معاون۔ ~~[illegible]~~ وجیہہ سہیل

بیت المال صالحہ نعیم

نظم سحر فیصل

ان کی ذمہ داریوں کے تعین کی پوری تفصیل ان شاء اللہ جلد آئے گی

والسلام

نبیلہ شہزاد۔